ملک دشمن طالبان نے اپنی جنگ کا دائرہ ملک کے دیگر شہروں تک بڑھا دیا ہے۔الطاف حسین

ملک دشمن طالبان فوج اور سیکوریٹی فورسز کے افسروں اور جوانوں اور عام شہریوں کے خون سے ہولی کھیل رہے ہیں

ملک دشمن طالبان نے پاکستان کے خلاف کھلی جنگ چھیڑی ہوئی ہے،وقت کا تقاضہ ہے کہ پوری قوم مسلح افواج اور پولیس کے ساتھ ملکر طالبان کا مقابلہ کرے اور ملک کو بچانے کیلئے ان درندہ صفت طالبان سے نجات حاصل کی جائے

اپنے ہی ہم وطنوں اور کلمہ گو معصوم بچوں، جوانوں، بزرگوں اور خواتین کے خون سے ہولی کھیلنے والے اور پاکستان کے شہروں،گلیوں اور بازاروں کو آگ اور خون میں نہلانے والے درندہ صفت طالبان کسی بھی رعایت کے مستحق نہیں ہوسکتے

پشاور کے قصہ خوانی بازار اور کباڑی بازار میں بم دھماکوں اور متنی میں پولیس کی چوکی پر خودکش حملے پر الطاف حسین کا اظہار مذمت

لندن۔۔۔28 مئی 2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے پشاور کے قصہ خوانی بازار اور کباڑی بازار میں بموں کے دھماکوں اور متنی میں پولیس کی چوکی پر خودکش حملے کی شدید الفاظ میں مذمت کی ہے اور دہشت گردی کے ان واقعات میں پولیس اہلکاروں سمیت کئی معصوم شہریوں کے جاں بحق اور سو سے زائد افراد کے زخمی ہونے پر دلی افسوس کا اظہار کیا ہے۔اپنے ایک بیان میں جناب الطاف حسین نے کہا کہ سوات اور دیگر علاقوں میں پاکستان کی فوج سے جنگ کرنے والے ملک دشمن طالبان نے اپنی جنگ کا دائرہ ملک کے دیگر شہروں تک بڑھا دیا ہے، یہ طالبان اب ملک کے مختلف شہروں کو دہشت گردی کا نشانہ بنا رہے ہیں اور فوج اور سیکوریٹی فورسز کے افسروں اور جوانوں سے جنگ کرنے کے ساتھ ساتھ اب بم دھماکوں اور خودکش حملوں کی صورت میں عام شہریوں کے خون سے ہولی کھیل رہے ہیں۔انہوں نے مزید کہا کہ ابھی لاہور میں گزشتہ روز ہونے والے خودکش بم دھماکے کے شہیدوں کی تدفین بھی پوری طرح نہیں ہوئی ہے کہ درندہ صفت طالبان نے آج پشاور پر حملہ کرکے قصہ خوانی بازار اور کباڑی بازار کو آگ اور خون میں نہلا دیا دوسری جانب متنی پولیس چیک پوسٹ پر خودکش حملہ کرکے وہاں پولیس اہلکاروں کو شہید کردیا۔اپنے ہی ہم وطنوں اور کلمہ گو معصوم بچوں، جوانوں، بزرگوں اور خواتین کے خون سے ہولی کھیلنے والے اور پاکستان کے شہروں،گلیوں اور بازاروں کو آگ اور خون میں نہلانے والے اور قوم کے گھر گھر میں ماتم برپا کرنے والے یہ درندہ صفت طالبان کسی بھی رعایت کے مستحق نہیں ہوسکتے۔جناب الطاف حسین نے کہا کہ ملک دشمن طالبان نے پاکستان کے خلاف کھلی جنگ چھیڑی ہوئی ہے لہٰذا وقت کا تقاضہ ہے کہ پوری قوم مسلح افواج، سیکوریٹی فورسز اور پولیس کے ساتھ ملکر ان انسانیت دشمن طالبان کا مقابلہ کرے اور ملک کو بچانے کیلئے ان درندہ صفت طالبان سے نجات حاصل کی جائے۔انہوں نے پشاور میں بم دھماکوں میں جاں بحق ہونیوالے پولیس اہلکاروں اور دیگر افراد کے لواحقین سے دلی تعزیت کا اظہار کیا اور دعا کی کہ اللہ تعالیٰ طالبان کے خونی حملوں میں شہید ہونیوالے افراد کو جنت الفردوس میں جگہ دے اور انکے لواحقین کو صبر جمیل عطا کرے۔انہوں نے زخمیوں کی بھی جلد صحتیابی کی دعا کی۔جناب الطاف حسین نے کہا کہ لاہور کے بعد پشاور میں ہونے والے بم دھماکوں کے بعد بہت ضروری ہوگیا ہے کہ ملک کے تمام شہروں کے تحفظ کیلئے وہاں چیکنگ کا نظام سخت سے سخت کیا جائے اور شہریوں کی جان ومال کے تحفظ کیلئے بھرپور اقدامات کئے جائیں۔

☆☆☆☆☆